احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعہ 10۔اپریل 2015ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

جمعہ 10 ۔اپریل 2015ء 20 جمادی الثانی 1436 ہجری 10 شہادت 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 82

بیوہ کا حق

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔

اور تم میں سے جو لوگ وفات دیئے جائیں اور بیویاں پیچھے چھوڑ رہے ہوں ان کی بیویوں کے حق میں یہ وصیت ہے کہ وہ (اپنے گھروں میں) ایک سال تک فائدہ اٹھائیں اور نکالی نہ جائیں۔ ہاں اگر وہ خود نکل جائیں تو تم پر کوئی گناہ نہیں۔ (البقرہ:241)

اخلاق عالیہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

ام المومنین حضرت سودہؓ کے شوہر سکرانؓ اور حضرت ام حبیبہؓ کے شوہر عبیداللہ بن جحش ہجرت حبشہ کے دوران وفات پا گئے اور وہ بیوہ ہوئیں تو ان سے رسولؐ اللہ نے نکاح فرمایا۔ ام المومنین حضرت میمونہؓ سے نکاح حضرت عباسؓ کی تحریک پر تھا جو ان کی نسبتی بہن تھیں۔ انہوں نے ہی رسولؐ اللہ کی خدمت میں ان کی بیوگی کا ذکر کر کے یہی پیشکش کی جسے آپؐ نے قبول فرمایا۔

حضرت جویریہؓ کے شوہر غزوہ بنومصطلق میں اور حضرت صفیہؓ کے شوہر غزوہ خیبر میں حالت کفر میں مارے گئے اور وہ بیوہ ہوگئیں۔ جس کے بعد آنحضرت ﷺ نے ان سے عقد فرمایا۔

الغرض رسولؐ اللہ نے بیوگان کے حقوق کی ادائیگی کا بہترین عملی نمونہ پیش کر کے دکھایا۔ خدمت کا یہ کام جس ذاتی توجہ، محنت اور قربانی کو چاہتا ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔

رسول اللہ ﷺ معاشی لحاظ سے کمزور بیوگان کی ضرورت کا خاص طور پر خیال رکھتے اور ان کی امداد فرماتے رہتے تھے۔

ایک دفعہ آپؐ نے کسی قافلہ سے تجارتی سودا کیا۔ اس کی قیمت آپؐ کے پاس میسر نہ تھی۔ وہ آپؐ نے فروخت کر دیا اور جتنا نفع ملا وہ سارا اپنے خاندان عبدالمطلب کی بیواؤں میں بطور صدقہ بانٹ دیا۔ (ابوداؤد کتاب البیوع باب فی التشدید فی الدین)

ہمارے پیارے نبی ﷺ نے بیوگان کے مناسب حال رشتوں کا انتظام کرنے کے لئے خود بھی عملی نمونہ پیش کیا۔ حضرت عمرؓ کی صاحبزادی حضرت حفصہؓ کے شوہر حضرت خنیسؓ بن حذافہ نے بدر اور احد میں شرکت کے بعد ایک زخم کی وجہ سے مدینہ میں وفات پائی۔ حضرت عمرؓ کی پریشانی اپنی جواں سال بیوہ ہونے والی بیٹی کے لئے طبعی تھی۔ انہوں نے از خود اپنی بیٹی کا رشتہ اپنے قریب ترین اور قابل اعتماد دوستوں حضرت عثمانؓ اور حضرت ابوبکرؓ کے سامنے پیش کیا۔ حضرت عثمانؓ نے تو یہ کہہ کہ معذرت کر لی کہ فی الوقت ان کا شادی کا ارادہ نہیں۔ مگر حضرت ابوبکرؓ نے خاموشی اختیار کی جو حضرت عمرؓ کو ناگوار گزری بعد میں حضرت ابوبکرؓ نے ان کو بتایا کہ چونکہ خود رسول کریم ﷺ ان کے ساتھ حضرت حفصہؓ کو عقد میں لینے کا ذکر فرما چکے تھے اس لئے افشائے راز کی بجائے خاموشی ہی مناسب تھی۔ یہ بات حضرت عمرؓ کے لئے باعث تسکین ہوئی۔ یوں رسول اللہ ﷺ نے ایک صحابی کی بیوہ حضرت حفصہؓ کو عقد میں لے کر اپنے دوست حضرت عمرؓ کی پریشانی بھی دور فرمائی۔ (بخاری کتاب النکاح باب عرض الانسان ابنتہٗ)

محسن انسانیت ﷺ کو یتیم بچوں کے مال کی حفاظت کا اتنا خیال تھا کہ ایک دفعہ ایک شخص نے آنحضرتؐ کی خدمت میں آکر عرض کیا کہ یا رسولؐ اللہ مجھے پتہ چلا ہے کہ شراب حرام ہوگئی ہے۔ آپؐ نے فرمایا ہاں! اس نے پوچھا کہ جس سے میں نے یہ خریدی تھی کیا اسے میں واپس لوٹا سکتا ہوں؟ آپؐ نے فرمایا یہ مناسب نہیں ہے۔ اس نے کہا کیا میں یہ بطور تحفہ کسی ایسے شخص کو دے سکتا ہوں جو مجھے اس کے بدلہ میں کوئی اور تحفہ دے دے؟ آپؐ نے فرمایا نہیں۔ اس نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! دراصل اس میں ایسے یتیم بچوں کا مال بھی شامل ہے جو میری پرورش میں ہیں۔ یہ سن کر آپ جیسے بے چین ہوگئے اور فرمایا ''جب بحرین کا مال آئے گا تو تم ہمارے پاس آجانا تمہارے زیر پرورش یتیم بچوں کے مالی نقصان کا معاوضہ ہم ادا کریں گے۔''

(مجمع الزوائد فی منبع الفوائد جلد 4 صفحہ 89 مطبوعہ بیروت)

بچپن سے تربیت کریں

۞ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث سورۃ لقمان کی آیت نمبر 14 کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

(دین حق) نے اس بات پر زور دیا ہے کہ بچے کو بچپن کی عمر میں ہی (دینی) تعلیم کی بنیادی باتیں سکھانا شروع کر دینا چاہئے جیسا کہ حضرت لقمان علیہ السلام کا بچے کو وعظ کے رنگ میں ان حقائق اور صداقتوں کی طرف متوجہ کرنا جو قرآن کریم کی صداقتیں اس زمانہ کے لوگوں کو دی گئی ہیں۔ اسی طرح حضرت مریم علیہا السلام کا واقعہ ہے جس کا ذکر قرآن کریم میں ہے اور اسی قسم کے دوسرے واقعات ہیں جن میں (دین حق) کی بنیادی تعلیم کو بیان کیا گیا ہے۔ ان سب واقعات سے پتہ چلتا ہے کہ بچے کو بچہ کہہ کر اس کی تعلیم اور تربیت سے غافل نہیں ہونا چاہئے۔ اس وقت ہمارے بہت سے بچے مختلف شہروں، قصبوں اور دیہات سے یہاں جمع ہیں۔ انہیں چاہئے کہ وہ بھی اس بنیادی تعلیم اور تربیت کے اصول پر غور کریں جسے قرآن کریم نے بیان کیا ہے اور اساتذہ کو خصوصاً چاہئے کہ وہ ان باتوں کا خیال رکھتے ہوئے ان بنیادی باتوں کی وضاحت کرتے رہیں اور کوشش کریں کہ ہمارے بچوں کے ذہن میں یہ بنیادی ہدایتیں واضح ہو جائیں تا کہ ان کی زندگی اندھیروں میں بھٹکتی نہ پھرے اور وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے ہمیشہ دور نہ رہیں۔

(خطبات ناصر جلد 2 صفحہ 790)

(فیصلہ جات مجلس مشاورت 2015ء

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

وین برائے فروخت

۞ ایک عدد وین Toyota Hiace پٹرول 2690cc آٹو میٹک ماڈل 2007ء (رجسٹرڈ اسلام آباد 2009ء) سفید رنگ 10 سیٹر Imported اچھی حالت میں جماعتی ادارہ کے زیر استعمال فروخت کرنا مقصود ہے۔ خواہشمند احباب حسب ذیل نمبرز پر رابطہ کریں۔

مظفر احمد قمر

0333-6713023,0321-6713023

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

مرسلہ: مکرم مرزا خلیل احمد قمر صاحب

تاریخ احمدیت بھوپال کے چند اہم ابواب

کچھ اضافے۔ ایک رؤیا۔ ایک بیان

تاریخ احمدیت بھوپال کے چند اہم ابواب کے عنوان سے مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب کا مضمون روزنامہ الفضل 18,17 مارچ 2015ء میں شائع ہوا ہے۔ بھوپال سے متعلقہ دو حوالے مزید پیش ہیں۔ ایک حضرت مصلح موعود کا ایک رؤیا اور نواب بھوپال سر حمید اللہ خان کی صاحبزادی عابدہ سلطان سابق سفیر کی خودنوشت میں سے حضرت چوہدری سر محمد ظفراللہ خان صاحب کے بارے میں پُرتحسین تحریر پر مشتمل حوالہ ہے۔

حضرت مصلح موعود کا رؤیا

بھوپال کے سلسلہ میں حضرت مصلح موعود 1935ء میں اپنا رؤیا بیان فرماتے ہیں۔

''صرف ایک رؤیا بیان کر دیتا ہوں جو انہی دنوں میں نے دیکھا۔ میں نے دیکھا کہ میں بھوپال میں ہوں اور وہاں ٹھہرنے کے لئے سرائے میں اترنے کا ارادہ ہے۔ ایک سرائے وہاں ہے جو بہت اچھی اور عمدہ ہے مگر ایک اور سرائے جو بظاہر خراب اور خستہ ہے اور وہاں میرے ساتھی اسباب لے گئے ہیں۔ ایک ہمارے ہم جماعت ہوا کرتے تھے، اللہ تعالیٰ مغفرت کرے، ان کا نام حافظ عبدالرحیم تھا میں نے دیکھا وہ اسی جگہ ہیں اور حکیم دین محمد صاحب کہ وہ بھی میرے ہم جماعت ہیں وہیں ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حافظ عبدالرحیم صاحب مرحوم اس بظاہر شکستہ سرائے میں ہمیں لے گئے ہیں۔ میں اسے دیکھ کر کہتا ہوں کہ یہاں ٹھہرنے میں تو خطرات ہوں گے، سرائے بھی خراب سی ہے، دوسری اچھی سرائے جو ہے وہاں کیوں نہیں ٹھہرے۔ وہ کہنے لگے یہیں ٹھہرنا اچھا ہے پھر وہ میرے لئے بستر بچھاتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ بستر بھی نہایت گندہ اور میلا سا ہے۔ میں اسے دیکھ کر کہتا ہوں اگر مجھے معلوم ہوتا کہ بستر ایسا گندہ ملے گا تو میں اپنا بستر لے آتا۔ تکیہ کی جگہ بھی انہوں نے کوئی نہایت ہی ذلیل سی چیز رکھی ہے۔ پھر جس طریق پر وہ بچھاتے ہیں اس سے بھی مجھے نفرت پیدا ہوتی ہے کیونکہ ٹیڑھا سا بستر انہوں نے بچھایا ہے مگر پھر میں دل میں خیال کرتا ہوں کہ یہ بری بات ہے میں کسی اور جگہ رہائش کا انتظام کروں جہاں باقی ساتھی ہیں وہیں مجھے بھی رہنا چاہئے۔ اس کے بعد میں بستر پر لیٹ جاتا ہوں مگر لیٹتے ہی میں دیکھتا ہوں کہ بستر نہایت اعلیٰ درجہ کا ہو جاتا ہے اور جگہ بھی تبدیل ہو کر پہلے سے بہت خوشنما ہو جاتی ہے، لحاف اور کمبل بھی جو بستر پر ہیں نہایت عمدہ قسم کے ہو جاتے ہیں اور تکیہ بھی میں دیکھتا ہوں کہ بہت اعلیٰ ہے اور باقی ساتھیوں کے بستر بھی صاف ستھرے ہو جاتے ہیں۔ بستر پر لیٹتے وقت میرے دل میں خیال تھا کہ مجھے اپنے پاس کوئی ہتھیار رکھنا چاہئے کیونکہ خواب میں ہم باہر صحن میں ہیں اور گلابی جاڑے کا موسم ہے جبکہ لوگ باہر سوتے لیکن اوپر کچھ نہ کچھ اوڑھتے ہیں پس خطرہ محسوس ہوتا ہے کہ کوئی چور چکار نہ آجائے۔ میں اسی سوچ میں ہوں کہ میں خیال کرتا ہوں میری جیب میں ایک پستول پڑا ہے اسے دیکھوں کہ وہ موجود ہے کہ نہیں۔ چنانچہ کہنی کے بل میں اٹھتا ہوں اور جیب پر ہاتھ مار کر دیکھتا ہوں تو مجھے نہایت اچھی قسم کا عمدہ سا پستول نظر آجاتا ہے۔ اس پر دل میں اطمینان پیدا ہو جاتا ہے۔

اس رؤیا کا اثر اتنا گہرا تھا کہ فوراً آنکھ کھل گئی اور میں نے دیکھا کہ میں واقع میں اپنے کرتہ پر صدری کی جیب کی جگہ پر ہاتھ مار رہا تھا جیسے کوئی کچھ تلاش کرتا ہے۔

یہ رؤیا تو خیر تعبیر طلب ہے مگر اور بھی بہت سے واضح رؤیا ہوئے ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان ابتلاؤں میں ہمیں فتح دے گا اور یہ کہ اس کا نشان یہ ہے کہ وہ احمدیت کو ان ابتلاؤں کے ذریعہ نہ صرف ہندوستان میں بلکہ دنیا کے تمام ممالک میں پھیلائے اور کوئی بڑی سے بڑی روک اس کی ترقی میں حائل نہیں ہو سکے گی''۔

(خطبات محمود جلد 16 ص 114)

شہزادی عابدہ سلطان کا بیان

والیٔ بھوپال نواب سر حمید اللہ خان کی صاحبزادی شہزادی عابدہ سلطان صاحبہ سابق سفیر اپنی خودنوشت میں حضرت چوہدری سر ظفراللہ خان صاحب کے بارے میں تحریر کرتی ہیں۔

میں سر ظفراللہ خان سے پہلی دفعہ اس وقت ملی جب وہ ہز ہائی نس کے مشیر کی حیثیت سے بھوپال آئے تھے۔ 1944ء سے 1947ء کے دوران ہز ہائی نس، شہزادوں کے ایوان کے سربراہ تھے۔ بحیثیت بھوپالی کابینہ کی صدر اور ریاست کی ولی عہد، میں ظفراللہ خان سے لمبی لمبی گفتگو کیا کرتی تھی۔ یہی وہ دور تھا جب میں ان کی اعلیٰ دانش، خداپرستی اور انسانیت دوستی سے آگاہ ہوئی۔ قادیانی ہونے کے ناتے ظفراللہ خان بھوپال میں ایک غیر معمولی سی چیز تھے کیونکہ بھوپال میں شاید ہی کوئی دوسرا قادیانی تھا۔ مگر ذاتی عقائد کا ہمارے معاشرے میں احترام کیا جاتا تھا۔ پاکستان اور بھارت کی آزادی حاصل کرنے کے نازک سالوں میں **ظفراللہ خان ایک مضبوط پاکستان کے حصول کے لئے کام کر رہے تھے** اور برصغیر میں ایک تیسرے بلاک کے وجود کے لئے انہوں نے شاہی ریاستوں کے یکجا ہونے کا نظریہ بھی دیا۔ ظفراللہ خان اپنے ''راجستھان'' کے تصور پر دلجمعی سے کام کر رہے تھے اور یکجائی کے طریقہ کار اور ساخت پر ہز ہائی نس کے مشیر اعلیٰ تھے۔ سر ظفراللہ خان کی مدلل اور قائل کر دینے والی صلاحیتوں کی بنا پر ہندو شاہی ریاستیں خاص کر جودھپور، اندور، کشمیر اور بیکانیر شاہی ریاستوں کے مدغم ہونے اور تیسرا بلاک بنانے پر سنجیدگی سے غور کر رہی تھیں۔ ظفراللہ خان کا خیال تھا کہ اس طرح کے تیسرے بلاک کے وجود سے پاکستان کے خلاف بھارت کے بڑھتے ہوئے وزن کے مقابلے میں توازن آجاتا۔ اگرچہ اس وقت تک دنیا کے نقشے پر **پاکستان کا وجود نہیں تھا مگر ظفراللہ خان تبھی سے اس کی مضبوطی کے لئے ذمہ داری کا مظاہرہ کر رہے تھے۔**

میری بعد کی ملاقاتیں سر ظفراللہ خان سے پاکستان میں ہوئیں جب وہ وزیر خارجہ تھے۔ خاص کر 1954ء میں جب اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں، میں پاکستانی وفد کی رکن تھی اور وہ اس کے سربراہ تھے۔

ظفراللہ خان کے ساتھ اتنے قریب رہ کر کام کرنے کے بعد میں ان کی ذمہ داری اور پاکستان سے محبت کی معترف ہو گئی۔ ذیابیطس کے مریض ہونے کے باوجود وہ روزانہ اٹھارہ گھنٹے پاکستان کے لئے کام کرتے۔ چند گھنٹوں کے لئے پاکستان کے اقوام متحدہ میں واقع دفتر میں ایک چھوٹے سے کمرے میں سو لیتے تاکہ پانچ ستاروں والے ہوٹل کے اخراجات بچ جائیں۔ ان کی حیران کن دانشمندی اور ذہانت نے انہیں اقوام متحدہ میں جمع دیگر وزرائے خارجہ کے درمیان امتیازی حیثیت دی تھی۔ ظفراللہ خان نے ان کے سامنے پاکستان کا کیس انتہائی مدلل طریقے سے اور رواں مگر پاکستان جھلکاتی ہوئی انگریزی میں پیش کیا۔ کرشنا مینن کے ساتھ کشمیر کے مسئلے پر ان کی آٹھ آٹھ گھنٹے کی بحث و تکرار اقوام متحدہ کا موضوع بن گئیں۔ یہ تقاریر سر ظفراللہ خان نے انتہائی مہارت سے خود تیار کی تھیں۔ وہ جارحانہ ہوتیں مگر ان میں ذاتی رنجش کا شائبہ تک نہیں ہوتا۔ انہیں تفصیلات پر بھی پورا عبور ہوتا، جو اقوام متحدہ کی ہر کمیٹی کی تازہ ترین کیفیت سے ان کی واقفیت اور پاکستانی نمائندوں کو ان کمیٹیوں کے بارے میں ان کی باقاعدہ راہنمائی سے صاف ظاہر تھا۔

سر ظفراللہ خان ایک غیر معمولی انسان تھے۔ انہیں ان کے عقائد کی وجہ سے نشانہ بنایا گیا جسے انہوں نے تحمل اور وقار سے برداشت کیا۔ اس تذلیل کے باوجود وہ (دین) اور پاکستان کے مقاصد کے لئے اپنے اختیار کئے ہوئے راستے سے کبھی نہ بھٹکے۔ عرب دنیا میں ان کا اتنا احترام کیا جاتا تھا، خاص طور پر شمالی افریقہ اور مشرق وسطی میں کہ کئی عشرے بعد بھی عرب خاندان ان کے نام سے اچھی طرح واقف تھے۔ میاں نے مجھے بتایا کہ جب وہ 1962ء سے 1966ء تک تیونس میں خدمات سرانجام دے رہا تھا تو **بہت سے تیونسیوں نے اپنے بیٹوں کا نام ظفراللہ رکھا ہوا تھا** اور یہ کہ جب کسی پاکستانی سے شمالی افریقن کی پہلی ملاقات ہوتی تو وہ نہایت تحسین آمیز الفاظ میں ظفراللہ خان کے عرب اور مسلم امنگوں کو دنیا کے سامنے پیش کرنے کو سراہتا۔ میاں نے بتایا کہ ظفراللہ خان کا اردن اور مشرق وسطی میں بھی اسی طرح احترام کیا جاتا تھا۔ یہ بلاشبہ سچ ہے کہ ظفراللہ خان پکے قادیانی تھے، لیکن قادیانی مقاصد کے لئے ان کی حمایت اس حد تک ہی ہوتی تھی کہ مہینے کے آخر میں وہ اپنی تنخواہ میں سے جتنی زیادہ سے زیادہ رقم بچا سکتے تھے اس کا زیادہ حصہ وہ ربوہ بھیج دیتے تھے۔ کفایت شعاری جس کے لئے ظفراللہ خان مشہور تھے وہ ان کی اسی لگن کی وجہ سے تھی نہ کہ ذاتی مفاد کے لئے۔

میں سر ظفراللہ خان کو ہمیشہ ان کی محب وطنی اور ان کی غیر معمولی صلاحیتوں کی بنا پر یاد رکھوں گی۔ وہ بااصول تھے، اپنے مقاصد کے لئے وقف، مہربان اور انتہائی زیرک۔ ان کا مطالعہ بے حد وسیع تھا اور ان میں ایک عجب صلاحیت یہ تھی کہ وہ دو سیکنڈ کے اندر ایک پورا صفحہ پڑھ لیتے تھے۔ جیسے وہ پڑھتے نہ ہوں بلکہ ان کا دماغ صفحے کی تصویر لے لیتا ہو۔ سب سے بڑی بات یہ کہ ظفراللہ خان منکسر المزاج، ہمدرد، تیز فہم شخص تھے۔ میں پاکستان کے لئے یہ بات باعث شرم سمجھتی ہوں کہ ان کے ذاتی عقائد کی بنا پر ان کی عظیم خدمات پر پردہ ڈالا گیا اور اس طرح ان کی خوبیوں کو قوم سے چھپایا گیا۔ یہی عصبیت واحد نوبیل انعام یافتہ پاکستانی سائنسدان پروفیسر عبدالسلام پر نازل ہوئی۔

(عابدہ سلطان ایک انقلابی شہزادی کی خودنوشت ص 327 تا 329 شائع کردہ آکسفورڈ یونیورسٹی پریس)

رپورٹ: مکرم نعیم احمد محمود چیمہ صاحب مربی سلسلہ

جماعت گھانا کا 83واں جلسہ سالانہ 2015ء

مغربی افریقہ کے خوبصورت ملک گھانا کا پورا نام جمہوریہ گھانا ہے۔ دارالحکومت اکرا (Accra) ہے جبکہ انگلش قومی زبان کے طور پر بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ دیگر بہت سی علاقائی زبانیں بھی ہیں اور انگلش کے ساتھ کوئی نہ کوئی مقامی زبان بھی ضرور بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ مملکت کا ماٹو "Freedom and Justice" ہے جس کی جھلک حقیقی طور پر بھی مملکت کے معاملات میں واضح طور پر نظر آتی ہے۔ مذہبی رواداری اور برداشت جو یہاں کی روایات کا حصہ ہیں ایسے مناظر دنیا میں کم نظر آتے ہیں۔ ملک میں عیسائیوں اور مسلمانوں کی تعداد زیادہ ہے جبکہ ایک حصہ قبائلی مذاہب کی بھی پیروی کرتا ہے۔

اسلام ان علاقوں میں پندرھویں صدی عیسوی میں پہنچا اور اب مسلمان آبادی کی تعداد لاکھوں میں ہے۔ احمدیت اس علاقے میں 1921ء میں آئی جب اکرافو کے ایک بزرگ دوست چیف مہدی آپاہ کی درخواست اور حضرت مصلح موعود کے ارشاد پر پہلے احمدی مربی حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب نیّر سالٹ پانڈ تشریف لائے۔ آپ ایک سال یہاں ٹھہرے اور اس دوران بہت سے افراد نے احمدیت قبول کرلی۔ بہت سے مراکز قائم ہوئے۔ 2021ء میں احمدیت کو اس علاقہ میں آئے ہوئے سو سال مکمل ہو جائیں گے۔ انشاءاللہ۔

ملک کے وسطی ریجن میں واقع مشہور و معروف شہر Winneba بھی اپنی بہت سی اہم چیزوں کی وجہ سے پہچانا جاتا ہے۔ ساحل سمندر پر آباد یہ شہر برطانوی دَورِ حکومت میں یورپ اور گولڈ کوسٹ کے درمیان تجارت کے لئے ایک اہم بندرگاہ کے طور پر معروف تھا۔ ماہی گیری اور ظروف سازی کے علاوہ یہاں موجود یونیورسٹی آف ایجوکیشن بھی ملک میں ایک اہم اور ممتاز مقام رکھتی ہے۔ شہر کی آبادی لگ بھگ ساٹھ ہزار نفوس پر مشتمل ہے لیکن سال میں تین دنوں کے لئے اس شہر میں کم و بیش تیس ہزار افراد پر مشتمل ایک اور شہر ''باغ احمد'' میں آباد ہو جاتا ہے۔

''باغ احمد'' 460 ایکڑ پر مشتمل ایک خوبصورت قطعۂ اراضی ہے جہاں جماعت احمدیہ گھانا کا سالانہ جلسہ منعقد ہوتا ہے۔ جلسہ گاہ میں آموں کا ایک خوبصورت باغ بھی لگایا گیا ہے جبکہ پھلوں اور پھولوں کے وسیع قطعات بھی موجود ہیں۔ دو گیسٹ ہاؤسز اور کارکنان کے لئے رہائش گاہیں بنائی گئی ہیں۔ ماہی پروری کے لئے مچھلیوں کا ایک تالاب اور بعض پرندوں اور جانوروں کو پالنے کا انتظام کیا گیا ہے۔ جلسہ گاہ کی ایک جانب پولٹری فارمز ہیں جہاں دوران سال مرغیاں پالی اور فروخت بھی کی جاتی ہیں۔ یوں قریباً تمام سال ہی یہ جگہ آباد رہتی ہے۔

پہلا دن 8 فروری 2015ء

8 جنوری 2015ء بروز جمعرات صبح دس بجے جلسہ کا آغاز تلاوت اور نظم سے ہوا۔

صدر مملکت کی آمد اور پرچم کشائی

جناب صدر مملکت گھانا کی تشریف آوری پر ممبران مجلس خدام الاحمدیہ نے انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا اور چھوٹے بچوں نے قومی ترانہ پیش کیا۔ گارڈ آف آنر کے بعد لوائے احمدیت کی تقریب منعقد ہوئی۔ مکرم امیر صاحب گھانا نے لوائے احمدیت لہرایا جبکہ جناب صدر مملکت گھانا نے گھانا کا جھنڈا لہرایا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خصوصی پیغام

مکرم امیر صاحب جماعت احمدیہ گھانا نور محمد بن صالح منبر پر تشریف لائے اور سب سے پہلے سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا جماعت گھانا کے نام محبت بھرا اور بابرکت خصوصی پیغام پڑھ کر سنایا۔ انگریزی زبان میں حضور انور کے اس پیغام کا اردو مفہوم درج ذیل ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

پیارے احباب جماعت احمدیہ گھانا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مجھے یہ معلوم کر کے بہت خوشی ہوئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ گھانا 8 تا 10 جنوری 2015ء کو اپنے 83 ویں جلسہ سالانہ کا انعقاد کر رہی ہے۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے جلسہ کو ہر لحاظ سے کامیاب اور بابرکت فرمائے اور یہ ان تمام خواہشات اور توقعات کو پورا کرنے والا ہو جن کا حضرت اقدس مسیح موعود نے جلسہ سالانہ کے اجراء کے موقع پر ذکر فرمایا تھا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ جماعت احمدیہ گھانا کو گزشتہ سال میں ایک صدمہ برداشت کرنا پڑا جب جماعت کی ایک لمبا عرصہ تک خدمت کرنے والے بہت مخلص اور فدائی و متقی مربی مکرم عبدالوہاب بن آدم صاحب امیر و مشنری انچارج گھانا کی وفات ہوئی۔ آپ نے نہایت اخلاص و وفا کے ساتھ ایک لمبے عرصہ تک جماعت احمدیہ کی انتھک خدمت کی اور آخری سانس تک یہ خدمات بجالاتے رہے اور ملکی سطح پر بھی اپنی قوم کی خدمات سرانجام دیں۔ آپ بہت محنت اور لگن سے کام کرنے والے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو اور تمام قربانیوں کی ان کو بہترین جزا عطا فرمائے اور اپنے قرب میں جگہ دے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ ہمیں ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ جماعتی ترقی کسی ایک شخص سے وابستہ نہیں ہوتی اور خاص طور پر الٰہی جماعتیں جن پر خدا تعالیٰ کا ہاتھ ہوتا ہے وہ تو کسی بھی انسان پر انحصار نہیں کرتیں۔ صرف خدا تعالیٰ کی خاص تائید اور اس کی برکات کے ساتھ چلتی ہیں اور خوب ترقی کرتی ہیں۔ ان برکات سے فیضیاب ہونے کا ایک ہی طریق ہے کہ تمام افراد جماعت ہمہ وقت جماعتی ترقی کے لئے کمربستہ ہوں اور ان کے دل حقیقت میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ وابستہ ہوں اور وہ اللہ تعالیٰ کی محبت کو ہر دوسری چیز پر غالب رکھیں۔

اس زمانے میں ہم احمدی بہت خوش قسمت ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے زمانے کے امام حضرت اقدس مسیح موعود کو ماننے کی توفیق عطا فرمائی۔ گھانا کی جماعت اُن خوش قسمت جماعتوں میں سے ہے جنہوں نے آج سے تقریباً 90 سال قبل حضرت اقدس مسیح موعود کو ماننے کی توفیق پائی اور اخلاص، محبت اور وفا میں آگے بڑھتے چلے گئے اور خدا تعالیٰ کے فضل سے ان باتوں میں مسلسل آگے بڑھتے چلے جارہے ہیں اور اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ گھانا کی جماعت کے اوّلین بزرگوں نے حضرت اقدس مسیح موعود اور نظام خلافت سے نہایت اخلاص، محبت اور وفا کا تعلق رکھا اور یہی تعلق انہوں نے اپنی نسلوں میں جاری رکھنے کی کوشش کی اور اس وقت گھانا میں جو ایک احمدی ماحول ہے، احمدیت میں نئے داخل ہونے والوں نے بھی اس ماحول میں اپنا حصہ ڈالنے کی توفیق پائی ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے پیغام میں یہ بھی فرمایا کہ آپ سب کا خلافت سے تعلق بڑھتا چلا جائے اور آپ لوگ وفا اور اخلاص کے اس مقام تک پہنچیں جہاں حضرت اقدس مسیح موعود جماعت کے افراد کو دیکھنا چاہتے تھے اور ہمیشہ خلیفۂ وقت کی آنکھیں افراد جماعت گھانا کی طرف سے ٹھنڈی رہیں اور خدا تعالیٰ ہمیشہ گھانا جماعت کو وہاب آدم صاحب جیسے مخلص بلکہ ان سے بڑھ کر جماعت اور ملک کی خدمت کرنے والے عطا فرمائے۔ خدا تعالیٰ آپ سب کے ساتھ ہو اور آپ کا یہ جلسہ ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے۔ خدا کرے کہ میرے یہ الفاظ آپ میں ایک نیا جذبہ پیدا کرنے کا موجب ہوں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

مجھے امید ہے کہ جس طرح آپ سب نے وہاب آدم صاحب کے ساتھ نہایت وفا اور اخلاص سے تعاون کیا تھا اور جماعت کی ترقی میں حصہ لیتے رہے، آج نئے امیر کے ساتھ بھی اسی وابستگی اور تعاون کا بھرپور مظاہرہ کریں گے اور اپنے آپ کو خدمت کے لئے پیش کرتے رہیں گے اور کبھی کسی صورت میں بھی آپ کی طرف سے کوئی ایسا اظہار نہیں ہوگا جو کسی لحاظ سے جماعت گھانا کے لئے سُبکی کا باعث ہو بلکہ ہر دن جو جماعت گھانا پر آئے گا وہ پہلے سے بڑھ کر اخلاص و وفا کے نمونے دکھانے والا ہوگا اور جماعت گھانا ترقی کی طرف قدم بڑھاتی چلی جائے گی۔ انشاء اللہ العزیز۔ خدا آپ کے ساتھ ہو۔ آمین۔

معزز مہمانوں کے تاثرات:

مکرم امیر صاحب گھانا کی افتتاحی تقریر کے بعد بعض دوسرے معزز مہمانان کرام نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

سیاسی پارٹی NDC کے جنرل سیکرٹری صاحب نے کہا کہ جماعت احمدیہ اپنے نظم و ضبط کی وجہ سے پہچانی جاتی ہے۔

گھانا کے چیف امام کے نمائندہ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گھانا میں ہم سب بھائیوں کی طرح اور متحد ہیں، قانون کی پاسداری کرنے والے اور ملک و قوم کی خدمت کرنے والے ہیں۔ جماعت احمدیہ گھانا نے نہ صرف ملک و قوم کی بہبود کے لئے کام کیا ہے بلکہ مسلمانوں کی تعلیم کے لئے بھی خاص کوشش کی ہے جس کے لئے وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔

حزب اختلاف کے رکن اسمبلی نے بھی جماعت احمدیہ گھانا کو جلسہ سالانہ کے بابرکت انعقاد اور نئی قیادت کی مبارکباد دی اور امید ظاہر کی کہ جماعت اسی طرح ترقی کرتی چلی جائے گی۔

صدر مملکت گھانا کا خطاب

افتتاحی اجلاس کے آخر پر صدر مملکت جناب جون درامانی مہاما (John Dramani Mahama) نے حاضرین جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امیر جماعت احمدیہ نے جو تقریر کی ہے اس میں پوری قوم کے لئے بہت اہم پیغامات ہیں اور مَیں میڈیا سے کہوں گا اس کو اچھی طرح کوریج دیں تاکہ یہ اہم پیغامات تمام گھانین تک پہنچ سکیں۔

جناب صدر مملکت گھانا نے کہا کہ گزشتہ سال انہیں عالمی مذاہب کانفرنس لندن میں شرکت کی دعوت ملی تھی جس میں وہ شامل نہ ہوسکے لیکن

HM
4801

انہیں ان کوششوں کا بخوبی علم ہے جو جماعت احمدیہ اپنے امام حضرت مرزا مسرور احمد (ایدہ اللہ تعالیٰ) کی قیادت میں امن کے قیام کے لئے کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں بہت تکلیف ہوتی ہے جب چند گروہوں کے ذاتی مفادات کی خاطر کئے جانے والے ظلم و بربریت کو دین جیسے امن پسند مذہب کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔

جناب صدر مملکت گھانا نے جماعت احمدیہ کی صحت اور تعلیم کے میدان میں کی جانے والی بے لوث خدمات کو بھی سراہتے ہوئے تمام افراد جماعت سے نظم وضبط سے ملک کی تعمیر و ترقی میں بھرپور حصہ لینے اور قیام امن وسلامتی کے لئے کوششیں جاری رکھنے اور دعا کرنے کی درخواست کی۔ صدر مملکت گھانا نے مہمانان جلسہ سالانہ کے لئے دس ہزار گھانین سیڈی (قریباً US$3,300) کا تحفہ بھی دیا۔

افتتاحی اجلاس کے آخر پر مکرم امیر صاحب گھانا نے دعا کروائی۔

تلاوت اور نظم کے بعد مکرم عبد النور وہاب صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ گھانا نے ''احمدیت میں نور خلافت'' کے موضوع پر تقریر کی۔ اس کے بعد صدر مجلس نے اختتامی تأثرات بیان کئے اور دعا کے ساتھ یہ اجلاس اختتام کو پہنچا۔

دوسرا دن 9 جنوری 2015ء

آج جمعہ کے روز باہمی اخوت اور اظہار یکجہتی کے طور پر بیشتر احباب وخواتین نے سفید رنگ کے لباس پہنے ہوئے تھے جو ایک خوبصورت روحانی منظر پیش کررہے تھے۔ دن کا آغاز حسب روایت نماز تہجد اور نماز فجر سے کیا گیا۔ بعد از نماز تہجد خاکسار نے درس میں قرآن کریم واحادیث اور خلفاءِ سلسلہ کے فرمودات کی روشنی میں ''نظام زکوٰۃ اور اس کی اہمیت'' پر روشنی ڈالی۔

تیسرے اجلاس کے آغاز میں تلاوت، نظم اور قصیدہ کے بعد مکرم حمید اللہ ظفر صاحب پرنسپل جامعۃ المبشرین گھانا نے ''دینی تعلیم کی رُو سے نظم و ضبط کی اہمیت'' پر تقریر فرمائی۔

ان کی تقریر کے بعد برونگ آہافو (Brong Ahafo) ریجن کے ممبران نے مقامی زبان میں نظمیں پڑھیں اور اس اجلاس کے آخر پر صدر مجلس نے اختتامی تأثرات بیان کئے اور دعا کے ساتھ یہ اجلاس اختتام کو پہنچا۔

تیسرا دن 10 جنوری 2015ء

چوتھے اجلاس کے آغاز میں تلاوت قرآن کریم اور نظم کے بعد مکرم فرید احمد نوید صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ انٹرنیشنل گھانا نے ''بعثت مسیح موعود وامام مہدی قرآن واحادیث کی روشنی میں'' کے موضوع پر تقریر کی۔ ان کی تقریر کے بعد نارتھ ایسٹ ریجن کے ممبران نے مقامی زبان میں نغمات پیش کئے۔ ان نغمات کے بعد مکرم ناصر بونسو (Bonsu) ریجنل قائد مجلس خدام الاحمدیہ گریٹر اکرا نے ''قرآن کریم کی روشنی میں دعوت الی اللہ کے مؤثر ذرائع'' کے موضوع پر تقریر کی۔ ان کی تقریر کے بعد نارتھ ویسٹ کے ممبران جماعت نے لوکل زبانوں میں نغمات پیش کئے۔ اس اجلاس کے آخر پر صدر مجلس نے اختتامی تاثرات بیان کئے اور دعا کے ساتھ یہ اجلاس اختتام کو پہنچا۔

جلسہ کی اختتامی تقریب شام چار بجے شروع ہوئی۔ اختتامی اجلاس میں تلاوت اور نظم کے بعد مکرم جمیل ابراہیم بادو (Badu) صاحب آف کماسی، اشانٹی ریجن نے ''سیرت حضرت مسیح موعود۔ اہل خانہ سے حسن سلوک'' کے موضوع پر تقریر کی۔ تقریر کے بعد حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح میں حضرت اقدس مسیح موعود کا عربی قصیدہ پیش کیا گیا۔ عربی قصیدہ کے بعد مکرم جنرل سیکرٹری صاحب جماعت احمدیہ گھانا نے جماعت احمدیہ گھانا کی سالانہ رپورٹ اختصار کے ساتھ پیش کی۔

رپورٹ کے بعد قریبی ممالک یعنی نائیجیریا، بینن، مالی اور بورکینا فاسو سے جلسہ گھانا میں شامل ہونے والوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔

مختلف ممالک کے وفود کے نمائندگان کے تاثرات

بینن کے نمائندہ نے کہا کہ گھانا کی جماعت ہم افریقن احمدیوں کے لئے ایک مثالی جماعت ہے۔ یہ آٹھواں جلسہ گھانا ہے جس میں مجھے شامل ہونے کی توفیق مل رہی ہے اور انشاء اللہ آئندہ بھی آتا رہوں گا۔

مالی کے نمائندہ نے کہا کہ افریقہ میں گھانا جماعت ہمارے لئے ایک اعزاز ہے۔ ہم ترقی کے لئے انہیں دیکھتے ہیں۔ گھانا جماعت ہمارے لئے ایک ماڈل جماعت ہے۔ یہاں آنا ہمارے لئے ایک ریفریشر کورس کی طرح ہوتا ہے۔

بورکینا فاسو کے نمائندہ نے کہا کہ گھانا کی جماعت ایک منظّم جماعت ہے اور یہ جلسہ ایک کامیاب جلسہ ہے اور اس جلسہ میں شامل ہو کر انہیں بے حد خوشی ہے۔

ان نمائندگان کے اظہار خیال کے بعد نارتھ ایسٹ ریجن سے آنے والے چیفس کا تعارف کروایا گیا۔ ان کے بعد دوران سال نئے آنے والے مربیان کرام کا بھی تعارف کروایا گیا اور اسی طرح نئے صدر خدام الاحمدیہ گھانا کا بھی تعارف کروایا گیا۔

آخر پر مکرم امیر صاحب نے اختتامی تقریر کی اور دعا کروائی۔

اللہ تعالیٰ جماعت احمدیہ گھانا کے اس جلسہ سالانہ کو بہت مبارک فرمائے اور پہلے سے بڑھ کر احمدیت کو ترقیات عطا فرماتا چلا جائے۔ آمین

☆......☆......☆

مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب

رفیق حضرت اقدس مسیح موعود

حضرت چودھری اللہ داد خان صاحب۔نمبردار محلانوالہ ضلع امرتسر

حضرت چودھری اللہ داد خان صاحب ضلع امرتسر کے گاؤں محلانوالہ تحصیل اجنالہ کے رہنے والے تھے۔ آپ نے اکتوبر 1899ء میں بیعت کی توفیق پائی، آپ کی بیعت کا اندراج اخبار ''الحکم'' 10 نومبر 1899ء صفحہ 7 کالم 2 پر موجود ہے۔ آپ نیک سیرت، مخلص اور حضرت اقدس مسیح موعود سے بے حد محبت کرنے والے تھے، ایک مرتبہ آپ کے گاؤں میں دشمنوں نے یہ خبر اڑانا شروع کر دی کہ نعوذ باللہ حضرت مسیح موعود وفات پا گئے ہیں، آپ نے فوراً ایک خط حضرت اقدس کی صحت وسلامتی کے متعلق قادیان لکھا، ایڈیٹر اخبار بدر لکھتے ہیں:

''دسمبر کے آخری ایام میں میاں اللہ داد صاحب نمبردار ساکن محلانوالہ ضلع امرتسر نے بواپسی ڈاک اس خبر کا جواب کارخانہ البدر سے طلب کیا ہے کہ یہاں یہ امر مشہور ہے کہ حضرت مسیح موعود اس جہاں سے رحلت فرما گئے ہیں۔ چنانچہ اسی وقت جواب دیا گیا کہ حضور بفضل خدا صحیح وسالم زندہ ہیں......''۔

(بدر یکم جنوری 1905ء صفحہ 11 کالم 2)

سلسلہ احمدیہ کے کاموں میں بھی نہایت اخلاص اور وقت کی قربانی کے ساتھ شامل ہوتے، حضرت مفتی محمد صادق صاحب اپنے ایک جماعتی دورہ ضلع امرتسر کی رپورٹ میں لکھتے ہیں:

''......اس کے بعد میں گرد ونواح کے دورہ کے واسطے نکلا اور سب سے اول محلانوالہ میں پہنچا جہاں جماعت کے معزز دوست چودھری اللہ داد خان صاحب نمبردار ہیں جن کی ہمت سے یہاں ایک بڑی عمدہ فراخ نئی (بیت) صرف جماعت احمدیہ کی بنائی ہوئی ہے، جس میں ایک کنواں بھی ہے......محلاں والہ سے میں جسٹروال کو چلا، چودھری اللہ داد خان صاحب میرے ساتھ ہوئے......''۔

(بدر یکم اپریل 1909ء صفحہ 1)

ضلع امرتسر کے اس دورے میں آپ حضرت مفتی صاحب کے ساتھ رہے۔ چنانچہ دورے کے اختتام پر جب حضرت مفتی صاحب واپس امرتسر شہر پہنچے تو رپورٹ میں لکھا:

''...... میں امرتسر آیا جہاں سے چوہدری اللہ داد خان صاحب واپس اپنے گاؤں محلانوالہ کو چلے گئے۔ چوہدری صاحب محلانوالہ سے چل کر بگہ کلاں، جستروال، مُد، بھڈیار میرے ساتھ ہوتے ہوئے امرتسر میں بھی ایک شب میری خاطر ٹھہرے۔ اس سفر میں ان کی رفاقت سے مجھے بہت مدد ملی۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر دے''۔

(بدر 7و15/اپریل 1909ء صفحہ 1)

اخبار بدر یکم و 8 جولائی 1909ء صفحہ 9 پر حضرت مفتی صاحب نے ''خلاصہ رپورٹ دورہ'' میں جن چیزوں کا بالخصوص ذکر فرمایا ہے اس میں ''چودھری اللہ داد خان صاحب محلانوالہ کی رفاقت'' بھی شامل فرمائی ہے۔ حضرت مفتی محمد صادق صاحب کی طبیعت پر حضرت چودھری صاحب کی اس رفاقت سفر کا بہت اثر تھا یہاں تک کہ دو سال بعد جب حضرت مفتی صاحب بھارتی صوبہ بہار اور اتر پردیش کے دورے پر تشریف لے گئے تو وہاں کے ایک احمدی دوست مکرم مولوی ماسٹر محبوب علی صاحب کے سفر میں ساتھ دینے کے متعلق فرمایا:

''مولوی ماسٹر محبوب علی صاحب ......سفر میں ہمارے برابر رفیق راہ رہے ...... ایک دم ان کو ہماری جدائی ہرگز منظور نہ ہوئی، انھیں دیکھ کر مجھے محلانوالہ کے چودھری اللہ داد خان صاحب یاد آ گئے جنھوں نے دورہ امرتسر میں اسی طرح رفاقت کا حق ادا کیا تھا، اللہ تعالیٰ اللہ داد کو اپنا محبوب بنائے۔''

(بدر 5 جنوری 1911ء صفحہ 6 کالم 1)

جیسا کہ حضرت مفتی صاحب کی رپورٹ سے ظاہر ہے آپ اپنے علاقہ میں احمدیت کے روح رواں تھے، اخبار الفضل پر نظارت مال کی طرف بھی سے آپ کی مساعی کا ذکر موجود ہے، ناظر صاحب مال اس رپورٹ میں جماعت احمدیہ محلانوالہ کے متعلق لکھتے ہیں:

''اس جماعت کے سیکرٹری مال چوہدری اللہ داد خان صاحب نمبردار ہیں جو باوجود بڑھاپے اور کمزوری کے چندوں کے وصول کرنے میں کوشش فرمایا کرتے ہیں اور یہ جماعت بہت غریب دوستوں کی ہے جن کی مالی حالت بہت خراب ہے، باوجود اس کے چوہدری صاحب بڑی کوشش سے چندہ وصول کر کے ارسال فرماتے ہیں، ان کی کوششوں کا ثمرہ ہے کہ ہر ایک مد میں زیادتی ہے، سال کا ہی بجٹ پورا کر دیا ہے''۔

(الفضل 21/فروری 1930ء صفحہ 21)

حضرت چودھری اللہ داد صاحب اللہ تعالیٰ کے فضل سے نظام وصیت میں شامل تھے، وصیت نمبر 3796 تھا۔ آپ نے دسمبر 1942ء میں بعمر 85 سال وفات پائی، میت قادیان نہ آ سکی لیکن یادگاری کتبہ بہشتی مقبرہ قادیان میں لگا ہوا ہے۔

☆......☆......☆

Talha
1454

مکرم رفیق احمد جاوید صاحب

مکرم یوسف ایدوسئی صاحب آف گھانا کا ذکر خیر

خاکسار کو اگست 1992ء تا جنوری 1995ء گھانا میں اشانٹی ریجن کے سینٹرل مربی کے طور پر کماسی مشن میں خدمت کا موقع ملا۔ اس سارے عرصہ میں مکرم یوسف ایدوسئی صاحب کے ساتھ قریبی تعلق رہا۔ تب آپ کماسی مشن ہاؤس کے گراؤنڈ فلور کے ایک حصے میں رہائش پذیر تھے۔ جب خاکسار گھانا پہنچا تو برادرم ایدوسئی صاحب اکرا (Accra) مشن ہاؤس تشریف لائے ہوئے تھے۔ مکرم امیر صاحب مولانا عبدالوہاب بن آدم صاحب نے مجھے ان کے ساتھ اشانٹی ریجن کا مربی مقرر کر کے روانہ کر دیا۔ خاکسار کماسی ان کی گاڑی میں ان کے ساتھ آیا۔ ہم دونوں کا قیام ایک ہی بلڈنگ میں تھا۔ بلڈنگ کے فرسٹ فلور پر مربی صاحب کی رہائش کا انتظام تھا۔

مکرم یوسف ایدوسئی صاحب کا کاروبار ایک سیرپ بنانا تھا۔ جس کا نام انہوں نے اپنی عیسائی والدہ کے نام پر Madam Catherine رکھا۔ یہ جسمانی صحت کے لئے ایک ٹانک ہے۔ اس کا خاص نسخہ ہے جو مکرم ایدوسئی صاحب اور اُن کی اہلیہ کو معلوم ہے۔ یہ لوکل جڑی بوٹیوں سے بناتے ہیں۔ اُن کی کماسی سے باہر Boadi مقام پر لوکل فیکٹری ہے اور اُن کا یہ سیرپ بہت بکتا ہے۔ بلکہ اب تو ملحقہ ممالک جیسے آئیوری کوسٹ، بینن تک جاتا ہے۔ ایک دفعہ مجھے بتایا کہ ایک بار عیسائی چرچ نے میرے اس سیرپ کے Un Hygenic ہونے کا پروپیگنڈہ کرنا شروع کر دیا اور منسٹری آف ہیلتھ میں مقدمہ بھی کر دیا۔ جس سے میرے اس سیرپ کو از خود بہت پبلسٹی ملی۔ TV اشتہارات ٹیلی کاسٹ ہوئے اور چرچ وہ مقدمہ ہار بھی گیا۔ اس کے بعد میرا کاروبار اور بھی ترقی کر گیا۔ آج میرے بے شمار ڈالے (گاڑیاں) ہیں جو میرا سیرپ لے کر نہ صرف گھانا کے دُور دراز علاقوں میں جاتے ہیں بلکہ ساتھ والے ممالک میں بہت فروخت ہوتا ہے۔

مکرم یوسف صاحب جماعت کی مالی خدمات میں پیش پیش تھے مگر نمود نام کو بھی نہ تھا۔ ہمارے مرحوم بھائی جماعت کے لئے مال اس طور پر خرچ کرتے تھے کہ جیسے کوئی دریا میں سے لوٹے بھر بھر کے نکالے اور اُسے پانی کی کمی کا کوئی خوف نہ ہو۔ چندوں کے علاوہ اُنہوں نے اپنے خرچ پر Boadi مقام پر اپنی فیکٹری کے ساتھ ایک بیت الذکر بنائی ہوئی ہے اور ساتھ ایک جز وقتی امام ٹریننگ سینٹر بھی بنایا ہوا ہے۔ جہاں اُن کی رہائش اور کھانے کا اُن کی طرف سے انتظام ہوتا ہے اور بعض اُستاد بھی رکھے ہوئے ہیں جن کو وہ اپنی جیب سے الاؤنس وغیرہ دیتے ہیں۔ غیر از جماعت امام جنہوں نے احمدیت قبول کر لی تھی۔ تو اُن کا 2 ہفتے کا ٹریننگ کورس ہوتا تھا کہ اب آپ نے نماز، عیدین، جنازہ اور نکاح وغیرہ پڑھانا ہے اور اپنا دُنیا کا کام بھی خود کرنا ہے۔ خاکسار بھی ایسی کلاسز کو پڑھاتا رہا ہے۔ پھر دوسرا کورس 6 ماہ کا ہوتا تھا۔ احمدیت کی صداقت کے دلائل سکھائے جاتے تھے۔ ان سب کے اخراجات مرحوم برداشت کرتے تھے۔

نئی بیوت الذکر کی تعمیر

جہاں نئی جماعت قائم ہوتی اور اُس جماعت کو بیت الذکر کی ضرورت ہوتی یا مرمت کی ضرورت ہوتی تو اس خدمت کے لئے مکرم ایدوسئی صاحب نے ایک ٹیم بنائی ہوئی تھی جس میں مزدور، کارپینٹر اور Mason ہوتے تھے۔ اُن کو حکم ہوجاتا تا اور یہ ٹیم سارے میٹریل کے ساتھ مطلوبہ جگہ پہنچ جاتی اور بیت الذکر کی تعمیر کے کام میں جُت جاتی۔ یہ سارے اخراجات بھی مکرم ایدوسئی صاحب نے از خود اپنے ذمہ لئے ہوئے تھے۔

ہومیو پیتھک سینٹر کا قیام

